Save Lives, Use

# MISOPROSTOL

زندگیاں بچائیں


مائزوپروسٹول استعمال کریں



NCMNH
National Committee for Maternal & Neonatal Health

Ipas HEALTH ACCESS RIGHTS
PAKISTAN





NCMNH
National Committee for
Maternal & Neonatal Health

Ipas HEALTH ACCESS RIGHTS
PAKISTAN



# MISOPROSTOL TABLETS TO TREAT INCOMPLETE ABORTION


**ORAL OR SUBLINGUAL USE**

# نامکمل
# اسقاطِ حمل کے علاج کیلئے
## مائزوپروسٹول کی گولیوں کا استعمال
منہ کے ذریعے نگل کر یا زبان کے نیچے رکھ کر




NCMNH
National Committee for Maternal & Neonatal Health

Ipas HEALTH ACCESS RIGHTS PAKISTAN



## TREATMENT OF INCOMPLETE ABORTION AND MISCARRIAGE WITH MISOPROSTOL TABLETS

If you are having an incomplete abortion, you can be treated safely and effectively with Misoprostol tablets. These tablets can be used in two ways: either by swallowing (oral use), or by placing them under the tongue (sublingual use).



## مائزوپروسٹول کی گولیوں سے نامکمل اسقاطِ حمل کا علاج

اگر آپ کا اسقاطِ حمل نامکمل ہو، تو آپ کا مائزوپروسٹول کی گولیوں سے بحفاظت اور مؤثر طریقے سے علاج ہوسکتا ہے۔ یہ گولیاں دو طریقوں سے استعمال کی جاسکتی ہیں، یا تو منہ کے ذریعے نگل کر یا پھر زبان کے نیچے رکھ کر۔

NCMNH National Committee for Maternal & Neonatal Health



Ipas HEALTH ACCESS RIGHTS PAKISTAN





## HOW TO TAKE MISOPROSTOL TABLETS (oral use)

Swallow 3 tablets (600 mcg) with water.

## مائزوپروسٹول کی گولیاں کیسے لی جائیں؟ (منہ کے ذریعے)

تین گولیاں (600 mcg) پانی کے ساتھ نگل لیں۔




00:30


## HOW TO TAKE MISOPROSTOL TABLETS (sublingual use)

Place 2 Misoprostol tablets (400 mcg) under your tongue. Keep the tablets under your tongue until they melt, or for about 30 minutes, and then swallow whatever is left.




## مائزوپروسٹول کی گولیاں کیسے لی جائیں؟ (زبان کے نیچے رکھ کر)


مائزوپروسٹول کی دو گولیاں (400 mcg) زبان کے نیچے رکھیں۔ گولیوں کو اس وقت تک زبان کے نیچے رکھیں جب تک کہ وہ گھل نہ جائیں، یا آدھے گھنٹے تک رکھنے کے بعد جو کچھ باقی رہ جائے اُسے پانی سے نگل لیں۔




NCMNH National Committee for Maternal & Neonatal Health

Ipas Health Access Rights Pakistan







National Committee for Maternal & Neonatal Health



Ipas HEALTH ACCESS RIGHTS PAKISTAN



# MISOPROSTOL TABLETS TO TREAT MISSED ABORTION



**SUBLINGUAL OR VAGINAL USE**

## پوشیدہ
## اسقاطِ حمل کے علاج کیلئے

**مائزوپروسٹول کی گولیوں کا استعمال**

(زبان کے نیچے رکھ کر) یا تولیدی راستے (وجائنا) کے ذریعے

NCMNH
National Committee for Maternal & Neonatal Health

Ipas HEALTH ACCESS RIGHTS PAKISTAN




## TREATMENT OF MISSED ABORTION WITH MISOPROSTOL TABLETS

If you are experiencing a missed abortion, you can be treated safely and effectively with Misoprostol tablets. These tablets can be used in two ways: either by placing them under the tongue, (sublingual use) or by placing them in the vagina (vaginal use).

## مائزوپروسٹول کی گولیوں سے پوشیدہ اسقاطِ حمل کا علاج

اگر آپ کا اسقاطِ حمل پوشیدہ ہو تو آپ کا مائزوپروسٹول کی گولیوں سے بحفاظت اور مؤثر طریقے سے علاج ہوسکتا ہے۔ یہ گولیاں دو طریقوں سے استعمال کی جا سکتی ہیں، یا تو زبان کے نیچے رکھ کر، یا پھر تولیدی راستے (وجائنا) کے اندر رکھ کر۔




00:30

## * HOW TO TAKE MISOPROSTOL TABLETS (sublingual use)

Place 3 misoprostol tablets (600mcg) under your tongue. Keep tablets under your tongue until they melt, or for about 30 minutes, then swallow whatever is left. Repeat every 3 hours until expulsion (generally 1-3 doses)




## * مائزوپروسٹول کی گولیاں کیسے لی جائیں؟ (زبان کے نیچے رکھ کر)

مائزوپروسٹول کی 3 گولیاں (600mcg) زبان کے نیچے رکھیں۔ گولیوں کو اس وقت تک زبان کے نیچے رکھیں جب تک کہ وہ گھل نہ جائیں، یا آدھے گھنٹے تک رکھنے کے بعد جو کچھ باقی رہ جائے اسے پانی سے نگل لیں۔ ہر 3 گھنٹے بعد یہ عمل دہرائیں (عام طور پر 1 سے 3 دفعہ استعمال کریں)




*Reference: Clinical Updates in Reproductive Health- April 2019.




NCMNH
National Committee for Maternal & Neonatal Health




Ipas
HEALTH ACCESS RIGHTS
PAKISTAN

## * HOW TO TAKE MISOPROSTOL TABLETS (vaginal use)


In the absence of vaginal bleeding place 4 misoprostol tablets (800mcg) in vagina and keep laying down for 30 minutes. If needed, repeat every 3 hours until expulsion (generally 1-3 doses)

## * مائزوپروسٹول کی گولیاں کیسے لی جائیں؟ (تولیدی راستے کے ذریعے)

خون نہ پڑنے کی صورت میں مائزوپروسٹول کی 4 گولیاں (800mcg) تولیدی راستے (وجائنا) کے اندر رکھیں اور 30 منٹ تک لیٹی رہیں۔ اگر ضرورت ہو تو ہر 3 گھنٹے بعد یہ عمل دہرائیں (عام طور پر 1 سے 3 دفعہ استعمال کریں)





Positions to place the tablets in the vagina

تولیدی راستے (وجائنا) میں 3 مختلف طریقوں سے گولیاں رکھی جاسکتی ہیں۔

*Reference: Clinical Updates in Reproductive Health- April 2019.





## WHAT WILL HAPPEN WHEN YOU TAKE THE TABLETS?

Misoprostol causes the uterus to contract. You will have some vaginal bleeding and cramping and you may see blood clots.

## گولیاں لینے کے بعد کیا ہوگا؟

مائزوپروسٹول رحم کو سکیڑتی ہے۔ تولیدی راستے (وجائنا) سے کچھ خون آئے گا اور پیٹ میں مروڑ/درد ہوگا۔ کچھ خون کے جمے ہوئے ٹکڑے بھی خارج ہو سکتے ہیں۔



**CRAMPING**

پیٹ میں مروڑ/درد



**BLEEDING**

خون جاری ہونا







## MANY WOMEN DO NOT HAVE SIDE EFFECTS

Some women may experience fever, chills, nausea, vomiting or diarrhoea. These side effects should go away on their own within a day.

## بہت ساری عورتوں کو ضمنی اثرات نہیں ہوتے

کچھ عورتوں کو بخار، سردی، متلی، اُلٹی یا دست کی شکایت ہوسکتی ہے۔ یہ علامات ایک دن میں خود ہی ٹھیک ہو جائیں گی۔



FEVER / CHILLS کپکپی/سردی لگنا/بخار ہونا



DIARRHOEA دست آنا



NAUSEA / VOMITING متلی اور قے آنا



## HOW CAN YOU MANAGE THE SIDE EFFECTS?

You can take pain medicines for cramps. Fever medicines are rarely needed. Drinking lots of water and getting rest will also help. Most side effects will disappear on their own in a short time.

## ضمنی اثرات سے کیسے نمٹا جائے؟

پیٹ میں مروڑ کیلئے درد کم کرنے کی دوالی جاسکتی ہے۔ بخار کیلئے دوا کی عام طور پر ضرورت نہیں ہوتی، زیادہ پانی پینے اور آرام کرنے سے بھی مدد ملتی ہے۔ زیادہ تر ضمنی اثرات تھوڑی دیر بعد خود ہی ٹھیک ہوجاتے ہیں۔



NCMNH
National Committee for Maternal & Neonatal Health

Ipas HEALTH ACCESS RIGHTS PAKISTAN







# WHEN SHOULD YOU SEEK HELP FROM A HEALTH CARE PROVIDER?

# آپ کو صحت کے کارکن سے کب مدد لینی چاہیئے؟

You should seek immediate help if you have any of the following warning signs:

آپ کو فوری مدد لینی چاہیئے اگر:

**HEAVY BLEEDING**

**زیادہ خون کا جاری ہونا**




Heavy bleeding: soaking more than 2 sanitary pads per hour for 2 hours in a row, especially if accompanied by prolonged dizziness and increased fatigue.

بہت زیادہ خون آ رہا ہو: جس سے ہر ایک گھنٹے میں 2 سے زیادہ سینیٹری پیڈز خون سے بھر جائیں، اور یہ عمل 2 گھنٹے تک لگاتار جاری رہے، خاص طور پر اگر اس کے ساتھ چکر اور بہت زیادہ تھکن بھی ہو۔

**FEVER**

**بخار**



Fever which lasts for more than a day or starts any day after the day you take Misoprostol. The feeling of being very sick, unusual or bad-smelling vaginal discharge and / or abdominal pain.

بخار ایک دن سے زیادہ رہے یا مائزوپروسٹول لینے کے بعد کسی بھی دن شروع ہو۔ محسوس ہو کہ طبیعت بہت خراب ہے، تولیدی راستے (وجائنا) سے معمول سے ہٹ کے یا بدبودار اخراج اور/ یا پیٹ میں درد ہو۔

**CONSTANT CRAMPING**

**پیٹ میں مستقل مروڑ/ درد**



Constant cramping and pain that do not get better with medication, rest, or a heating pad.

مسلسل پیٹ میں مروڑ/ درد ہو جو کہ دوا، آرام یا گرم سیکائی سے بھی دور نہ ہو رہا ہو۔

Warning Signs
خطرے کی علامات

NCMNH National Committee for Maternal & Neonatal Health

Ipas HEALTH ACCESS RIGHTS PAKISTAN

## اسقاطِ حمل کے بعد

اسقاطِ حمل کے فورا بعد مانعِ حمل طریقوں کا استعمال مزید غیر ارادی حمل سے بچاتا ہے۔

مکمل اور غیر پیچیدہ اسقاطِ حمل کے فوراً بعد مانع حمل کے تمام طریقے استعمال کیے جا سکتے ہیں ۔






# * WHAT IS THE BEST CONTRACEPTIVE METHOD FOR ME?

You will be able to get pregnant again within 10 days following a vacuum aspiration and as soon as 8 days after a medical abortion. If you would like contraception, it should be started immediately. You can start most methods at the same time when you take your Misoprostol tablets.




# * میرے لئے مانع حمل کا بہترین طریقہ کیا ہے؟

اسقاطِ حمل کا علاج ایم۔وی۔اے (MVA) سے کروانے کے بعد آپ 10 دنوں میں دوبارہ حاملہ ہو سکتی ہیں اور مائزوپروسٹول کی گولیاں کھانے کے بعد 8 دنوں کے اندر۔ اگر آپ مانع حمل استعمال کرنا چاہتی ہیں تو حمل روکنے کے لیے کسی طریقے کا استعمال فوری شروع کریں۔ آپ مانع حمل کے زیادہ تر طریقے مائزوپروسٹول کی گولیوں کے استعمال کے ساتھ ہی شروع کر سکتی ہیں۔



*Reference: Clinical Updates in Reproductive Health- April 2019.


HEALTH FACILITY
مرکزِ صحت


## WHEN SHOULD I COME BACK FOR A FOLLOW-UP?

A routine follow-up visit is usually not necessary. If you experience the warning signs or have any other concerns, return anytime. If you would like to confirm that the process was successful, you may return in approximately two weeks.

## مجھے دوبارہ معائنے کیلئے کب آنا چاہیئے؟

عام طور پر دوبارہ آنے کی ضرورت نہیں ہوتی، لیکن اگر کچھ خطرناک علامات ظاہر ہوتی ہیں یا آپ کچھ اور مسائل پر بات کرنا چاہتی ہیں تو کسی بھی وقت آ سکتی ہیں۔

اگر آپ جاننا چاہتی ہیں کہ مائزوپروسٹول کی گولیوں کے ذریعے بچہ دانی کی صفائی کا عمل کامیاب رہا تو معائنے کیلئے دو ہفتے بعد آ سکتی ہیں۔






National Committee for Maternal & Neonatal Health



Ipas HEALTH ACCESS RIGHTS PAKISTAN



National Committee for
Maternal & Neonatal Health



# MISOPROSTOL

## A Life-Saving Medicine

to prevent & treat Postpartum Hemorrhage (PPH)

# مائزوپروسٹول

## جان بچانے والی دوا

بچے کی پیدائش کے بعد زیادہ
خون ضائع ہونے سے بچاؤ
اور علاج کیلئے

NCMNH
National Committee for
Maternal & Neonatal Health

# Misoprostol

Use Misoprostol immediately after childbirth and save the mother.

Excessive bleeding after childbirth is the leading cause of maternal death.

Misoprostol is a medicine which can prevent excessive bleeding after childbirth and save the mother’s life.

# مائزوپروسٹول

بچے کی پیدائش کے فوراً بعد مائزوپروسٹول استعمال کریں۔ ماں کی جان بچائیں۔

ماؤں کے مرنے کی سب سے بڑی وجہ بچے کی پیدائش کے بعد خون کا نارمل سے زیادہ ضائع ہونا ہے۔

مائزوپروسٹول وہ دوا ہے جو زچگی کے بعد زیادہ خون ضائع ہونے کو روک سکتی ہے اور ماں کی جان بچ سکتی ہے۔




Pregnant women **should not take Misoprostol** tablets before the child is born.




بچے کی پیدائش سے پہلے حاملہ

**مائزوپروسٹول کی گولیاں ہرگز استعمال نہ کرے۔**



Misoprostol

Purchase Misoprostol tablets well before the time of delivery and keep it close by during labour so that it is easily accessible.

مائزوپروسٹول کی گولیاں پہلے سے خرید کر زچگی کے وقت قریب رکھیں۔






NCMNH
National Committee for Maternal & Neonatal Health


Misoprostol

Immediately after the delivery of the baby, examine the abdomen and reconfirm that there is no second baby (twin).

بچے کی پیدائش کے فوراً بعد ماں کے پیٹ کا معائنہ کریں اور اطمینان کرلیں کہ پیٹ میں دوسرا بچہ تو نہیں۔






NCMNH
National Committee for Maternal & Neonatal Health

- If there is no second baby, immediately give 3 tablets of Misoprostol to the mother to swallow
- DO NOT wait for delivery of the placenta or cutting the cord

- اگر دوسرا بچہ پیٹ میں نہ ہوتو ماں کوفوراً مائزوپروسٹول کی 3 گولیاں کھلا دیں۔
- گولیاں کھانے کیلیئے ناڑو کاٹنے یا آنول کے باہر آنے کا انتظار نہ کریں۔




Misoprostol





Health Facility




# Attention!
# Alert!

# خبردار!
# ہوشیار!




If excessive bleeding continues even after taking Misoprostol tablets i.e. the sanitary pads are completely soaked with blood, and heavy bleeding continues, place 4 more Misoprostol tablets under the tongue and immediately take the woman to the hospital.


اگر مائزوپروسٹول کی گولیاں کھانے کے بعد بھی بہت زیادہ خون جاری رہے یعنی خون جذب کرنے کیلئے جو کپڑا رکھا ہو وہ مکمل طور پر خون سے تر ہو جائے اور خون جاری رہے تو مائزوپروسٹول کی مزید 4 گولیاں زبان کے نیچے رکھ دیں اور فوراً ہسپتال لے جائیں۔



A doctor or midwife in the hospital will give treatment to control her bleeding and save her life.

ہسپتال میں ڈاکٹر یا مڈوائف ماں کا خون روکنے کیلئے علاج کریں گے اور ماں کی جان بچائیں گے۔






## The side effects of Misoprostol usually disappear within a few hours.

مائزوپروسٹول کی گولیاں کھانے کی وجہ سے عام طور پر ظاہر ہونے
والے ضمنی اثرات خود بخود چند گھنٹوں میں ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

### If after taking misoprostol tablets, the woman experiences:

اگر گولیاں کھانے کے کچھ دیر بعد:




**Shivering / Chills**

Cover her with a blanket or quilt.

**جاڑا لگ رہا ہو یا کپکپی ہو تو:**

– کمبل یا رضائی عورت کے اوپر ڈال دیں۔



**Fever**


- Sponge her with water
- Give her 2 tablets of Paracetamol to swallow


**بخار ہو تو:**


– کپڑے کو پانی سے بھگو کر ماتھے پر پٹیاں رکھیں۔

– دو گولیاں پیراسیٹامول (Paracetamol) کی کھلا دیں۔

NCMNH National Committee for Maternal & Neonatal Health










Health Facility










If the shivering / chills and fever continue for more than 24 hours after the last dose of Misoprostol, then take the mother to a health facility.

اگر جاڑا اور بخار 24 گھنٹے تک رہے
تو ماں کو علاج کیلئے مرکزِ صحت لے جائیں۔

Back

Designed by: SPECTRUM | Y&R as a public service

National Committee for Maternal & Neonatal Health

**NCMNH House**
36 - C, Street 14, Off. Khayaban – e – Shamsheer,
Phase V, D.H.A, Karachi – 75500, Pakistan.
92-21-35341597-8 info@ncmnh.org.pk
www.ncmnh.org.pk

Ipas HEALTH ACCESS RIGHTS PAKISTAN

Islamabad 44000, Pakistan
92-51-2894198
www.ipas.org